ماڈل پیپر "تاریخ پاکستان"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I (جماعت نہم)

حصہ معروضی

کل نمبر: 15

وقت: 20 منٹ

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔ 15

(i) انسانی تاریخ میں سب سے طویل دور کون سا تھا؟

(الف) پتھر کا زمانہ (ب) کانسی کا زمانہ (ج) شکار کا زمانہ (د) لوہے کا زمانہ

(ii) انسانی تاریخ میں شکار کے زمانہ کا آغاز کب ہوا؟

(الف) 5 لاکھ قبل مسیح (ب) 6 لاکھ قبل مسیح (ج) 7 لاکھ قبل مسیح (د) 8 لاکھ قبل مسیح

(iii) زرعی پیداوار اور تجارت کے شعبے میں کس طبقے نے ترقی کی؟

(الف) برہمن (ب) کھشتری (ج) ویش (د) شودر

(iv) سکندر اعظم نے ہندوستان پر حملہ کیا:

(الف) 326 ق۔م (ب) 327 ق۔م (ج) 328 ق۔م (د) 329 ق۔م

(v) موت کے وقت سکندر اعظم کی عمر تھی:

(الف) 30 سال (ب) 31 سال (ج) 32 سال (د) 33 سال

(vi) گپت خاندان کا بانی کون تھا؟

(الف) چندر گپت (ب) سمدر گپت (ج) بکرماجیت (د) کالی داس

(vii) فاتح سندھ کون تھا؟

(الف) حجاج بن یوسف (ب) محمد بن قاسم (ج) عبیداللہ (د) محمود غزنوی

(viii) سلطان محمود غزنوی نے ہندوستان پر کل کتنے حملے کیے؟

(الف) 15 (ب) 16 (ج) 17 (د) 18

(ix) امیر تیمور کے حملے کے وقت، ہندوستان پر حکومت تھی:

(الف) خلجی خاندان (ب) تغلق خاندان (ج) لودھی خاندان (د) مغلوں کی

(x) شیر شاہ سوری نے کس مغل بادشاہ کو شکست فاش دی؟

(الف) بابر (ب) ہمایوں (ج) اکبر (د) جہانگیر

(xi) بیرم خان اتالیق تھا:

(الف) بابر کا (ب) ہمایوں کا (ج) اکبر کا (د) جہانگیر کا

(xii) اورنگ زیب عالمگیر کا انتقال ہوا:

(الف) 1704ء (ب) 1705ء (ج) 1707ء (د) 1708ء

(xiii) سیواجی کس ریاست کا حکمران تھا؟

(الف) بیجاپور (ب) اجمیر (ج) مالاکنڈ (د) جودھپور

(xiv) "اڑھائی دن کا جھونپڑا" کس کو کہتے ہیں؟

(الف) ایک محل کا نام (ب) ایک شاہی دروازے کا نام (ج) ایک مسجد کا نام (د) ایک مشہور قلعے کا نام

(xv) شالامار باغ لاہور کس کے عہد میں تعمیر ہوا؟

(الف) شہنشاہ بابر (ب) شہنشاہ ہمایوں (ج) شہنشاہ اکبر (د) شاہجہاں

ماڈل پیپر "تاریخ پاکستان"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ-I (جماعت نہم)

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　　　　　　　کل نمبر: 60

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔ 18x2=36

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) آریاؤں نے جب شمالی ہندوستان کا رخ کیا تو ہندوستان کی سیاسی زندگی میں کیا تبدیلیاں آئیں؟

(ii) واسکوڈے گاما کون تھا؟

(iii) قطب الدین ایبک نسلاً کون تھا؟ اسکا بچپن کیا تھا؟

(iv) برہموں کے قائم کردہ نظام کے خلاف جن تحریکوں نے جنم لیا دو کے نام لکھیں۔

(v) غیاث الدین تغلق کے دو اہم اقدامات لکھیں۔

(vi) ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد کس نے رکھی؟

(vii) بابر نے ابراہیم لودھی کو کب اور کہاں شکست دی؟

(viii) دین الٰہی کیا تھا؟

(ix) شہزادہ سلیم کون تھا؟

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) شہزادہ خرم نے قندھار کی مہم پر جانے سے کیوں انکار کیا؟

(ii) سیواجی کون تھا؟

(iii) آثار قدیمہ کا علم کیا ہوتا ہے؟

(iv) رضیہ سلطانہ کے بارے میں چند سطور لکھیں۔

(v) سکندر کا انتقال کس مقام پر ہوا۔ اور موت کے وقت اسکی عمر کیا تھی؟

(vi) محمد بن تغلق کون تھا؟ اور اس کو کس چیز سے خصوصی لگاؤ تھا؟

(vii) بابر نے ثمر قند پر کب حملہ کیا؟

(viii) خوارزم شاہ کون تھا؟

(ix) اکبر کا نظام میں منصبداری کیا تھا؟

سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) علاؤالدین خلجی کی پالیسیوں پر دو سطور لکھیں۔

(ii) آٹھویں صدی کے اوائل میں عرب سلطنت کا دائرہ عمل کہاں تک پھیلا چکا تھا؟

(iii) وادی سندھ کے باشندوں کے خدوخال لکھیں۔

(iv) امیر تیمور نے پاک و ہند پر حملہ کب کیا؟

(v) امیر تیمور کے حملے سے ہندوستان پر کیا اثرات مرتب ہوئے۔صرف دو کا ذکر کریں۔

(vi) بابر کو ہندوستان پر حملہ آور ہونے کی دعوت کس نے دی؟

(vii) حمیدہ بانو بیگم کون تھی؟

(viii) شاہ جہاں کی بنوائی ہوئی کوئی دو عمارات کے نام لکھیں۔

(ix) اورنگ زیب کے مذہبی اقدامات کے دو نکات تحریر کریں۔

حصہ دوم

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3=24

سوال نمبر 5- مسلمانوں کی آمد سے قبل ہندوستان کے سیاسی حالات پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر 6 - سلطان شمس الدین التمش کی ابتدائی مشکلات کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر 7-امیر تیمور کے حملے پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 8- شیر شاہ سوری کی انتظامی اور مالیاتی اصلاحات کا مختصر جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر 9-اورنگ زیب عالمگیر کی مذہبی پالیسی پر روشنی ڈالئے۔